**02.03.2026**
**21.15 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ........شگفتہ یاسمین

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے سعودی عرب کے ولی عہد شہزادے اور بحرین کے شاہ کے ساتھ مغربی ایشیا کی صورتحال پر تبادلۂ خیال کیا۔ انھوں نے جلد سے جلد علاقائی امن و استحکام کی بحالی پر زور دیا۔

☆ امریکہ اور اسرائیل کے ایران پر مزید حملوں کے بعد مغربی ایشیا میں کشیدگی میں اور اضافہ ہوگیا ہے۔ ایران نے خلیج کے خطے میں امریکہ کے فوجی ٹھکانوں کو نشانہ بنایا۔

☆ وزیر اعظم مودی اور کنیڈا کے اُن کے ہم منصب **Mark Carney** نے نئی دلّی میں باہمی بات چیت کی۔ جامع اقتصادی شراکت داری معاہدے کے سلسلے میں تیزی لانے کا فیصلہ کیا۔

☆ **BJP** کے سینئر لیڈر امت شاہ نے مغربی بنگال میں شمالی 24 پرگنہ سے پارٹی کی **Paribartan** یاترا کا آغاز کیا۔

☆ مغربی ایشیا میں بڑھتی کشیدگی کے درمیان خام تیل میں آٹھ فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ گھریلو حصص بازار میں ایک اعشاریہ تین فیصد کی کمی آئی ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**PM Saudi Bahrain**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج سعودی عرب کے ولی عہد اور وزیر اعظم محمد بن سلمان کے ساتھ مغربی ایشیا میں موجودہ صورتحال کے بارے میں ٹیلی فون پر بات چیت کی۔ جناب مودی نے سعودی عرب پر حالیہ حملوں کی مذمت کی اور اِن حملوں کو اقتدارِ اعلیٰ اور علاقائی سالمیت کی خلاف ورزی قرار دیا۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ دونوں ملکوں نے خطے میں امن و استحکام کی جلد از جلد بحالی پر اتفاق کیا، جو انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ وزیر اعظم مودی نے اِس مشکل وقت میں بھارتی برادری کی بہبود کا خیال رکھنے کیلئے جناب سلمان کا شکریہ ادا کیا۔ جناب مودی نے بحرین کے حکمراں حمد بن عیسیٰ ال خلیفة سے بھی بات کی۔بحرین پر حملوں کی مذمت کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بھارت، مشکل کے اِس وقت میں بحرین کے عوام کے ساتھ ہے۔ انہوں نے وہاں موجود بھارتی برادری کو ہر طرح سے مدد کرنے کیلئے بحرین کے حکمراں کا شکریہ ادا کیا۔×

## War West Asia

ایران اور اسرائیل و امریکہ کی مشترکہ فورسز کے ذریعے میزائلوں اور ڈرون کے سلسلہ وار حملوں کے ساتھ ہی مغربی ایشیا میں جنگ مزید شدت اختیار کرگیا ہے۔ رہبر اعلیٰ آیت اللہ علی خامنہ ای اور سرکردہ افسران کی ہلاکت کے بعد، ایران اور اُس کی حامی ملیشیا کی جانب سے متحدہ عرب امارات، کویت اور بحرین سمیت سبھی خلیجی ممالک پر امریکی املاک پر حملوں کا سلسلہ جاری ہے۔دوسری طرف، اسرائیل اور امریکہ نے ایران میں تنصیبات کو نشانہ بنایا۔ آج پینٹاگن پریس بریفینگ کے مطابق، امریکی دفاعی سکریٹری Pete Hegseth نے اعلان کیا کہ امریکہ کا مشن ایران کے میزائلوں، بحریہ کو تباہ کرنا ہے اور تہران کو نیوکلیائی ہتھیار بنانے سے روکنا ہے۔برطانیہ، فرانس اور جرمنی نے کہا ہے کہ وہ ایران کے حملوں کا جواب دینے کیلئے امریکہ کے ساتھ کام کرنے کیلئے تیار ہیں اور خلیجی ممالک کے گروپ نے کہا ہے کہ ایرانی حملوں کا جواب دینے کیلئے انہوں نے اپنے حق کو محفوظ رکھا ہے۔

اِس دوران، روس نے مغربی ایشیا میں جنگ بندی پر زور دیا ہے اور خطے میں شہری علاقوں کو نشانہ بنانے کی مذمت کی ہے۔ آج صبح آپریشن Epic Fury کی مدد میں امریکی جنگی طیارہ US F-15E Strike Eagles کویت کی فضائی حدود میں حملے کی زد میں آ گیا، جسے امریکی فوجی افسران نے بظاہر ایک حادثہ قرار دیا ہے۔ اِس میں سوار عملے کے سبھی 6افراد کو بچا لیا گیا ہے۔ ایران کے صدر مسعود پیزیشکیان نے ماجد Ebnelreza کو پاسدارانِ انقلاب کا کارگزار وزیر دفاع مقرر کیا ہے۔ ایسا اسرائیلی–امریکہ حملوں میں اُن کے پیشرو کی ہلاکت کے بعد کیا گیا ہے۔

عُمان کی بحریہ سلامتی مرکز نے اطلاع دی ہے کہ مسقط گورنوریٹ سے متصل ساحل پر دھماکہ خیز مادے سے لدی ایک کشتی کے ذریعے ایک تیل کے ایک ٹینکر پر حملہ کیا گیا، جس کے نتیجے میں عملے کا ایک اہلکار مارا گیا۔ قطر کی وزارت دفاع نے بھی ملک میں بجلی سے متعلق مقامات پر دو میزائلی حملوں کی اطلاع دی ہے۔

دوسری جانب، اسرائیلی فضائیہ نے اُس کے سرحدی علاقے میں ایران کی جانب سے میزائلی حملوں کی اطلاع دی ہے۔سعودی عرب نے کہا ہے کہ اُس نے Ras Tanura تیل ریفائنری کو نشانہ بناتے ہوئے ڈرون کے ایک حملے کو ناکام بنا دیا ہے۔سعودی کے ڈویژن کے مطابق، اِس ڈرون حملے کے بعد، دمّام کے نزدیک اِس تیل ریفائنری کو عارضی طور پر بند کردیا گیا ہے۔×

## J&K Protest

ایران میں امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے کیے گئے حملے میں ایران کے رہبر اعلیٰ آیت اللہ علی خامنہ ای کی ہلاکت کے خلاف جموں و کشمیر میں بڑے پیمانے پر احتجاجی مظاہرے ہوئے، جس کے بعد کشمیر کے تمام اضلاع میں عائد کی گئی بندشوں کی وجہ سے پورے کشمیر خطے میں معمولاتِ زندگی متاثر ہوئے ہیں۔اہلکاروں اور سکیورٹی ذرائع نے آکاشوانی نیوز کو بتایا کہ کل لال چوک اور دیگر علاقوں میں ہوئے مظاہروں کے بعد احتیاط کے طور پر بندشیں عائد کی گئی ہیں۔حکام نے مقامی افراد سے کہا ہے کہ وہ امن اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کیلئے پُرسکون رہیں اور قانون کے نفاذ سے متعلق ایجنسیوں کے ساتھ تعاون کریں۔ وہاں صورتحال کنٹرول میں بتائی جارہی ہے۔×

**Modi Carney Talks**

بھارت اور کنیڈا نے آج انتہائی اہم معدنیات میں اشتراک، قابل تجدید توانائی کے استعمال کو فروغ دینے اور ثقافتی اشتراک سمیت مختلف شعبوں میں تین معاہدے کیے ہیں۔ نئی دلّی میں وزیر اعظم نریندر مودی اور کنیڈا کے اُن ہم منصب Mark Carney کے درمیان وفد سطح کی بات چیت کے درمیان اِن معاہدوں پر دستخط کئے گئے۔ دونوں رہنماؤں نے بھارت–کنیڈا کلیدی شراکت داری کے وسیع تر پہلوؤں پر پیشرفت کا جائزہ لیا۔ بات چیت کے بعد ایک مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے کہا کہ مغربی ایشیا میں موجودہ صورتحال انتہائی تشویش کا معاملہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت، بات چیت اور سفارتکاری کے ذریعے سبھی تنازعات کے حل کی حمایت کرتا ہے۔

**S/B PM on West Asia Conflicet**

وزیر اعظم مودی نے کہا کہ بھارت اور کنیڈا نے 2030 تک باہمی تجارت کو پچاس ارب ڈالر تک وسعت دینے کا اہم نشانہ رکھا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ طرفین نے بھارت–کنیڈا دفاعی مذاکرات قائم کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔

**S/B PM Defence D**

وزیر اعظم Carney نے کہا کہ کنیڈا، بھارت کے ساتھ اپنے تعلقات کو نئے سرے سے فروغ اور وسعت دے رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ کنیڈا اور بھارت، تجارت اور دفاع اور توانائی میں مضبوط بنیاد قائم کر رہے ہیں۔

***VC Suparna Saikiya***

بھارت اور کینیڈا نے ایک پر عزم اور باہمی طور پر مفید جامع اقتصادی شراکت داری معاہدے (CEPA) کی جانب مذاکرات کی رہنمائی کیلئے شرائط پر دستخط کیے ہیں، جسے 2026 کے اختتام تک مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اِس معاہدہ سے اقتصادی شراکت داری، تجارت کے فروغ، بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری اور وِکست بھارت کے مقاصد کو حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔ 2اعشاریہ چھ ارب ڈالر مالیت کے ایک طویل مدتی یورینیم سپلائی کے معاہدے پر بھی دستخط کیے گئے ہیں، جس کے تحت بھارت کو یورینیم مہیا کرایا جائے گا۔ اِس سے بھارت کو صاف ستھری توانائی کی منتقلی اور توانائی کے تحفظ میں تقویت ملے گی۔

نئی اور قابلِ تجدید توانائی کی بھارتی وزارت اور کینیڈا کی وزارتِ توانائی و قدرتی وسائل نے دو طرفہ تکنیکی تعاون کو فروغ دینے کیلئے مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں، جس میں شمسی توانائی، ہوا سے بجلی پیدا کرنے، بایو ماس، Waste to Energy، چھوٹے ہائڈرو پاور منصوبے، توانائی کی ذخیرہ اندوزی کے نظام اور صلاحیت سازی شامل ہیں۔ کینیڈا نے اعلان کیا ہے کہ وہ بین الاقوامی سولر الائنس میں شمولیت کے عمل کا آغاز کرے گا۔ کینیڈا، 17 سے 30مارچ کے درمیان، نئی دلّی میں منعقد ہونے والے بھارت Tribes فیسٹیول 2026 میں بھی شرکت کرے گا۔

*سپرنا سائیکیا کی رپورٹ کے ساتھ اردوخبروں کیلئے میں اصغرعلی*

بعد میں وزیر اعظم مودی اور کنیڈا کے اُن کے ہم منصب نے بھارت–کنیڈا CEO فورم میں شرکت کی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ آج بھارت دنیا کی تیزی سے ترقی کرنے والی اہم

معیشت ہے۔وزیر اعظم نے کہا کہ اِس یکسر تبدیلی کی بنیاد متحرک گھریلو مانگ، نوجوان آبادی، بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی پر مبنی ہے۔ وزیر اعظم Mark Carney جمعہ سے بھارت کے چار روزہ دورے پر ہیں۔x

**Prez Delhi Scheme**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج 4اسکیمیں دلّی کی خواتین کیلئے وقف کیں۔ اِن اسکیموں میں لکھ پتی بیٹا اسکیم، سہیلی پنک اسمارٹ کارڈ، میری پونجی میرا ادھیکا اور فری LPG سلینڈر اسکیم شامل ہیں۔ اِس موقعے پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے صدر مرمو نے اجاگر کیا کہ خواتین سماج کے لازمی ستون مانند ہیں۔ انہوں نے اِن نئی اسکیموں کے مؤثر ہونے کے تعلق سے اپنے اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ اسکیمیں قومی راجدھانی کی خواتین کے اعتماد میں اضافہ کریں گی اور انہیں ترقی اور نئی بلندیوں کے حصول کیلئے تحریک بخشیں گی۔×

**Prez IAS Meet**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج کہا کہ انڈین ایڈمنسٹریٹو سروس کے افسران، ملک کی تعمیر کے عمل میں نمایاں اہمیت کے حامل ہیں اور انہیں پورے ملک میں حکمرانی کو مستحکم کرنے کی غرض سے محکمہ جاتی حدود سے بالاتر ہوکر ذمہ داریاں سنبھالنے کی ضرورت ہے۔

لال بہادر شاستری نیشنل اکاڈمی آف ایڈمنسٹریشن میں 128ویں انڈکشن تربیتی پروگرام میں شرکت کرنے والے اسٹیٹ سول سروسز کے افسران نے نئی دلّی میں راشٹرپتی بھون میں صدر جمہوریہ سے ملاقات کی۔ افسران سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ اب یہ افسران ایسی ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں، جو ضلع یا ریاست کی ترجیحات سے کہیں زیادہ وسیع ہیں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ اِن بڑی ذمہ داریوں کیلئے وسیع تر نظریے کی ضرورت ہے، جو انتظامیہ میں حائل التوا کو دور کرنے کے ساتھ شراکت داری کو فروغ دے۔×

**Rev. Shah Paribartan Yatra**

BJP کے سینئر رہنما اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج شمالی 24پرگنہ کے Raidighi سے بھارتیہ جنتا پارٹی کی Paribartan یاترا کا آغاز کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے زور دے کر کہا کہ مغربی بنگال کے لوگ اب تبدیلی چاہتے ہیں۔

**S/B AmitShah**

BJP کے سینئر لیڈر اور وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے ہاوڑہ سے یاترا کا آغاز کیا۔ انھوں نے کہا کہ TMC حکومت کھلے طور پر بنگال میں غیرقانونی طور پر لوگوں کو بسنے کی اجازت دے رہی ہے اور وزیر اعلیٰ اُن کے تحفظ کیلئے لڑ رہی ہیں۔

**S/B 2100 Rajnath Singh**

## Finland Prez Visit

فن لینڈ کے صدر ڈاکٹر Alexander Stubb اِس ماہ کی 4 تاریخ سے بھارت کے چار روزہ سرکاری دورے پر رہیں گے۔ صدر Stubb گیارھویں رائے سینا مذاکرات 2026 میں مہمانِ خصوصی اور کلیدی اسپیکر ہوں گے۔ وزارتِ خارجہ نے آج جاری ایک بیان میں کہا ہے کہ یہ موجودہ حیثیت میں صدر Stubb کا بھارت کا پہلا دورہ ہوگا۔ جناب Stubb کے ہمراہ، وزراء اور کاروباری رہنماؤں پر مشتمل ایک اعلیٰ سطحی وفد ہوگا۔ اپنے دورے کے دوران وزیر اعظم نریندر مودی اور صدر Alexander Stubb وسیع تر شعبوں میں باہمی اشتراک کو مستحکم کرنے پر تبادلہ خیال کریں گے۔ وہ باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی معاملات پر بھی نظریات کا تبادلہ کریں گے۔ وزیر اعظم اُن کے اعزاز میں ظہرانے کی میزبانی کریں گے۔ صدر Stubb، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے بھی ملاقات کریں گے۔ نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اور وزیر خارجہ ایس جے شنکر بھی صدر Stubb سے ملاقات کریں گے۔x

## Indian Railway Special Train

بھارتی ریلوے نے ہولی کا تہوار منانے کیلئے ملک کے مشرقی حصوں کا سفر کرنے والے مسافروں کی سہولت کیلئے دلّی کے اہم ریلوے اسٹیشنوں پر وسیع تر انتظامات کئے ہیں۔ شمالی ریلوے نے ایک بیان میں کہا ہے کہ آج دلّی کے اہم ریلوے اسٹیشنوں سے 22 خصوصی ریل گاڑیاں چلائی گئیں۔ کَل بھی 22 خصوصی ریل گاڑیاں چلائی گئی تھیں اور تین لاکھ سے زیادہ مسافر، دلّی سے سوار ہوئے تھے۔ ریلوے نے کہا ہے کہ پچھلے پانچ دنوں میں دلّی سے تقریباً 14 لاکھ مسافر سفر کر چکے ہیں۔ اس نے مزید کہا ہے کہ تہوار کے دوران، بھیڑ بھاڑ کے پیش نظر کل 22 خصوصی ریل گاڑیاں چلانے کا منصوبہ ہے۔x

## Rev Business Capsule

مغربی ایشیا میں کشیدگی میں اضافے کے بعد آج Sensxe اور نفٹی میں ایک اعشاریہ تین فیصد کی کمی آئی۔ Sensex میں ایک ہزار 48 پوائنٹس کی کمی آئی اور یہ 80 ہزار 239 پر بند ہوا، جبکہ نفٹی میں 313 پوائنٹس کی کمی آئی اور یہ 24 ہزار 866 پر بند ہوا۔آبنائے ہرمز میں امکانی رکاوٹوں کے سبب بڑھتی تشویش کے درمیان عالمی سطح پر خام تیل میں آٹھ فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہوا۔ اِس راستے سے دنیا کی تیل کی تقریباً 20 فیصد سپلائی ہوتی ہے۔x

## UNHR Chief India

حقوقِ انسانی سے متعلق اقوامِ متحدہ کے ہائی کمشنر Volker Turk نے بھارت کی متنوع سول سوسائٹی کی ستائش کی اور اجاگر کیا کہ یہ ملک کی جمہوری روایتوں اور اقلیتوں کے حقوق کو برقرار رکھنے میں کلیدی رول ادا کرتی ہے۔پچھلے ہفتے جینوا میں جاری اقوامِ متحدہ حقوقِ انسانی کونسل کے 61 ویں اجلاس میں عالمی تازہ ترین صورتحال پیش کرتے ہوئے جناب Turk نے پاکستان اور چین میں حقوقِ انسانی کے قابلِ تشویش موجودہ حالات کی سمت نکتہ چینی کی۔ اقوامِ متحدہ حقوقِ انسانی کے سربراہ پچھلے ماہ AI امپیکٹ سمٹ کے دوران، بھارت کے اپنے پہلے دورے پر نئی

دلّی میں موجود تھے۔ اپنے بیان میں جناب **Turk** نے کہا کہ بھارت میں اپنے حالیہ دورے کے دوران، وہ یہاں کے متنوع سول سوسائٹی سے بہت متاثر ہوئے۔جبکہ جناب **Turk** نے اِس ضمن میں پاکستان کی نکتہ چینی کی، جہاں حال ہی میں حقوقِ انسانی کے وکلاء کو مجموعی طور پر **17**برس کی قید کی سزا دی گئی ہے۔ جناب **Turk** نے چینی حکام سے ملک میں بنیادی حقوق کے پر امن استعمال کو دبانے کیلئے غیر واضح فوجداری انتظامی اور قومی سلامتی قوانین کے غلط استعمال کو روکنے کیلئے بھی زور دیا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆